# پری فزیبلیٹی تحقیق

( خواتین کے جوتے بنانے کا کارخانہ )

سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا)

وزارت صنعت و پیداوار

حکومت پاکستان

www.smeda.org.pk


**ہیڈ آفس**

فورتھ فلور، بلڈنگ نمبر 3، ایوانِ اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور۔

فون 456 111 111 42 92

فیکس 36304926-7 42 92

helpdesk@smeda.org.pk


ستمبر 2014


**ریجنل آفس پنجاب**

بلڈنگ نمبر 3، فلور: 3، ایوان اقبال کمپلیکس، ایجرٹن روڈ، لاہور

ٹیلی فون: (042) 111-111-456

فیکس نمبر: (0423)36304926-7

helpdesk.punjab@smeda.org.pk

**ریجنل آفس سندھ**

بحریہ کمپلیکس 2، فلور 5، ایم ٹی خان روڈ، کراچی

ٹیلی فون: (021) 111-111-456

فیکس نمبر: (021) 35610572

helpdesk-khi@smeda.org.pk

**ریجنل آفس خیبر پختونخوا**

دی مال، گراؤنڈ فلور، پشاور

ٹیلی فون: (091) 9213046-47

فیکس نمبر: (091) 286908

helpdesk-pew@smeda.org.pk

**ریجنل آفس بلوچستان**

بنگلو نمبر: 15-A چمن ہاؤس سکیم، ایئرپورٹ روڈ، کوئٹہ

ٹیلی فون: (081) 2831623, 2831702

فیکس نمبر: (081) 2831922

helpdesk-qta@smeda.org.pk

| صفحہ نمبر | فہرست عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| 2 | اظہار لاتعلقی | 1 |
| 2 | اجمالی جائزہ | 2 |
| 3 | سمیڈا کا تعارف | 3 |
| 3 | دستاویز کا مقصد | 4 |
| 3 | کاروبار و مصنوعات کا مختصر بیان | 5 |
| 4 | پیداواری گردش عمل | 5.1 |
| 4 | ابتدائی و عملی استعداد | 5.2 |
| 5 | انتہائی قابل توجہ امور | 6 |
| 5 | جغرافیائی لحاظ سے سرمایہ کاری کے مواقع | 7 |
| 5 | متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے | 8 |
| 6 | منصوبہ کی کل لاگت کا خلاصہ | 9 |
| 6 | معاشی کیفیت | 9.1 |
| 6 | درکار سرمایہ | 9.2 |
| 7 | کل لاگت کاروبار | 9.3 |
| 7 | درکار مشینری اور آلات | 9.4 |
| 8 | درکار دفتری آلات | 9.5 |
| 8 | فرنیچر اور فکسچرز | 9.6 |
| 9 | درکار زمین | 9.7 |
| 9 | درکار خام مال | 9.8 |
| 10 | درکار افرادی قوت | 9.9 |
| 10 | متفرق لاگتیں | 9.10 |
| 11 | آمدن۔ متوقع آمدن اور پیداوار | 9.11 |
| 11 | ماہرین و مشیران | 10 |
| 11 | مشینری کے سپلائرز | 10.1 |
| 11 | خام مال کے سپلائرز | 10.2 |
| 12 | ٹیکنیکل ایکسپرٹس | 10.3 |
| 12 | کارآمد روابط | 11 |
| 13 | ضمیمہ جات | 12 |
| 13 | آمدن کا گوشوارہ (انکم سٹیٹمنٹ) | 12.1 |
| 14 | اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ (بیلنس شیٹ) | 12.2 |
| 15 | گردش نقد کا گوشوارہ (کیش فلو) | 12.3 |
| 16 | کلیدی مفروضے | 13 |

## 1۔ اظہار لاتعلقی (DISCLAIMER)

یہ معلوماتی مواد اس کاروبار کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کی نیت سے شائع کیا گیا ہے۔ اگرچہ اس مواد کے لئے مختلف قابل اعتماد ذرائع سے معلومات لی گئی ہیں۔ البتہ اس میں کئی مفروضات بھی ہیں جو مختلف حالات میں مختلف نتائج دے سکتے ہیں۔ یہ معلومات ''جو ہے، جیسے ہے'' کی بنیاد پر دی گئی ہیں سمیڈا، اس کے ملازمین یا عہدیداران معلومات کی صحت کے ذمہ دار نہیں ہیں۔ البتہ اس کام کو سرانجام دیتے ہوئے ہر ممکن احتیاط برتی گئی ہے۔

اضافی معلومات حاصل کرنے کے لئے ممکنہ سرمایہ کار کی حوصلہ افزائی کی جائے گی جو کہ فیصلہ سازی کے عمل میں ضروری ہے۔ ممکنہ سرمایہ کار کو دی گئی معلومات پر عمل کرنے سے قبل مستند مشاورت کار یا ماہرین سے پیشہ ورانہ مشورہ کرنے کی بھی ضرورت ہے۔

اس کاروبار سے متعلق تفصیلی رپورٹ **SMEDA** نے تیار کی ہے۔ **SMEDA** کی طرف سے خدمات اور متعلقہ معلومات کے حصول کے لئے **SMEDA** کی ویب سائٹ www.smeda.org.pk پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

دستاویز

| | |
|---|---|
| دستاویز نمبر | پری فزیبلٹی نمبر 42 |
| تیار کردہ | سمیڈا پنجاب |
| تاریخ دوہرائی | ستمبر 2014ء |
| مزید معلومات | پراونشل چیف پنجاب<br>janjua@smeda.org.pk |

## 2۔ اجمالی جائزہ (EXECUTIVE SUMMARY)

شہری آبادی اور بدلتے ہوئے طرز زندگی کی وجہ سے جوتوں کی طلب میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ اگرچہ کچھ مقامی مینوفیکچررز (جوتا ساز) اچھے اور معیاری جوتے تیار کر رہے ہیں لیکن ابھی بھی پاکستان میں جوتے کے سیکٹر میں ممکنہ سرمایہ کاری کی بڑی طلب موجود ہے۔

یہ مخصوص پری فزیبلٹی تحقیق صرف خواتین کے جوتے تیار کرنے کیلئے نیم مشینی جوتے بنانے والے کارخانے کو قائم کرنے کیلئے معلومات فراہم کرتی ہے۔ اس کاروبار کی توجہ کا مرکز خواتین کے لئے معیاری جوتے مناسب قیمت پر فراہم کرنا ہوگا، خصوصاً پمپس، کوٹ جوتے، سینڈل اور سلیپرز 6 سے 11 نمبر تک۔ براہ راست ہول سیلرز اور پاکستان کے اہم شہروں میں ریٹیل آؤٹ لیٹ پر فروخت کئے جائیں گے۔ یہ فرض کیا جاتا ہے کہ یونٹ کو کراچی، لاہور، فیصل آباد، حیدرآباد، ساہیوال، گوجرانوالہ اور راولپنڈی جہاں پہلے سے یونٹ موجود ہیں، کسی بھی شہر میں قائم کیا جا سکتا ہے۔ اس یونٹ کی پیداواری صلاحیت سنگل شفٹ کی بنیاد پر 600 جوڑے جوتے روزانہ تیار کرنے پر ہوگی۔ تاہم ابتدائی عملی استعداد 50 فیصد (جوتوں کے 300 جوڑے) جبکہ زیادہ سے زیادہ عملی استعداد 80 فیصد (جوتوں کے 480 جوڑے) روزانہ تیار کرنا تصور کی گئی ہے۔ اس پیداواری صلاحیت کا اندازہ معاشی طور پر قابل عمل اور منصوبے کی مستقل اور عملی لاگت کے تقاضوں کو پورا کرتا ہے۔ تاہم، کاروباری شخص کا جوتوں کی صنعت کے متعلق علم، معیاری جوتوں کی تیاری، پرکشش ڈیزائن، مسابقتی قیمتوں کا تعین اور مضبوط تھوک (Wholesale) / ریٹیل (Retail) کے روابط اس منصوبے کی کامیابی کیلئے اہم عناصر ہیں۔

جوتے بنانے والے مجوزہ یونٹ کی اندازاً کل لاگت 9.93 ملین روپے ہے۔ منصوبہ 50 فیصد قرض اور 50 فیصد ذاتی سرمائے سے شروع کیا جائے گا۔ منصوبے کی موجودہ قدر حاصل تقریباً 32.67 ملین روپے اور اس کی اندرونی شرح منافع 55 فیصد اور کل مدت واپسی 2.72 سال ہے اس منصوبے کی قانونی حیثیت فرد واحد تجویز کی گئی ہے۔

## 3۔ سمیڈا کا تعارف (INTRODUCTION TO SMEDA)

سمال اینڈ میڈیم انٹر پرائز ز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (SMEDA) کا قیام اکتوبر 1998ء میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ کے ذریعے معیشت کو مضبوط بنانے کی خاطر عمل میں لایا گیا۔

چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ، ان کی تعداد اور استعداد میں اضافے کے ذریعے سے قومی آمدنی کو بہتر بنانے کے لئے سمیڈا نے شعبہ جاتی تحقیق کا کام کیا ہے جس میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کا تعارف، ان کا طریقہ کار، سرمائے کے حصول کے مواقع، کاروبار جمانے کے لئے معلومات، منڈیوں اور صارفین تک رسائی و فراہمی، تکنیکی پلان مہیا کرنے، ادارہ جاتی تعاون اور نیٹ ورک کے ذریعے رابطہ شامل ہیں۔

## 4۔ دستاویز کا مقصد (PURPOSE OF THE DOCUMENT)

کاروبار کے ممکنہ امکانات کی تحقیق کا مقصد بنیادی طور پر اپنا کاروبار شروع کرنے والوں کے لئے سرمایہ کاری کے مناسب شعبوں کی نشاندہی ہے۔ اس پراجیکٹ کی پری فزیبلٹی کے ذریعے کسی کاروباری تصور کی وضاحت، اس کے آغاز، تکمیل اور متوقع منافع کے حصول کے لئے مناسب اور ضروری امور کی وضاحت اور احتیاطوں سے باخبر کرنا ہے۔

زیرنظر دستاویز میں خواتین کے جوتے بنانے کا کارخانہ قائم کرنے والوں کے لئے اس کاروبار کی اجمالی معلومات مہیا کی گئی ہیں تاکہ وہ سرمایہ کاری میں نازک فیصلے کرتے ہوئے درست اقدامات کر سکیں۔

کاروبار کی ایسی اقسام بھی ہیں جہاں پر لکھت پڑھت بہت کم یا بالکل نہیں ہوتی، عام طور سے لکھی ہوئی ہدایات بھی میسر نہیں ہیں۔ لہٰذا اس کام کے آغاز کے لئے زیادہ تحقیق کرنی پڑتی ہے۔ اس دستاویز میں یہی کاوش کی گئی ہے کہ ایسے کاروبار جن کا دارومدار چند خاص اصولوں کی پاسداری پر ہوتا ہے جیسے کہ موجودہ کامیاب کاروباریوں کی عادات کو اپنانا اور ان کاروباری امور کا خیال رکھنا جو ایک کامیاب کاروبار کرنے کے لئے غیر تحریری قانون کی سی حیثیت رکھتے ہیں۔

اس معلوماتی مواد کے بغور مطالعے کے ساتھ ساتھ قاری کو بعدازاں فراہم کی جانے والی ان تنقیدی معلومات پر بھی نظر رکھنی چاہیے جو کسی بھی کاروباری سرمایہ کاری کی بنیاد ہیں۔

## 5۔ منصوبے کا مختصر بیان (BRIEF DESCRIPTION OF PROJECT)


پاکستان میں جوتے بنانے والی صنعت کو وسیع بنیادوں پر دو اہم طبقوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ جیسا کہ منظم سیکٹر جس میں زیادہ تر بڑے برانڈز مثلاً سٹائلو شوز، میٹرو شوز، ان سائنیا شوز (Insignia)، ای سی ایس، کن سول شوز، ایرو سافٹ شوز، باٹا، سروس وغیرہ اور غیر منظم سیکٹر میں زیادہ تر مزدوروں پر مشتمل نیم مشینی پیداواری سہولیات والے یونٹ شامل ہیں۔

یہ مخصوص پری فزیبلٹی خواتین کے نیم مشینی جوتے بنانے کے یونٹ کو قائم کرنے کیلئے بنیادی تفصیلات مہیا کرتی ہے۔ اس منصوبے کی اہم پراڈکٹ لائن میں خواتین کے مختلف اقسام کے جوتے پمپس، کوٹ شوز، سینڈل اور سلیپرز شامل ہیں جو چمڑے کی مختلف اقسام اور دیگر میٹریل سے تیار کئے جائیں گے۔ مجوزہ یونٹ میں خواتین کے مختلف سائز کے جوتے 6 نمبر سے 11 نمبر تک تیار کئے جائیں گے۔ منصوبہ کو سارا سال قابل عمل رکھنے کیلئے جوتوں کی مختلف اقسام کی تیاری کی منصوبہ بندی موسمی رجحان کے مطابق کی جائے گی۔ یونٹ میں جرمنی اور انگلینڈ کی بنی ہوئی سیکنڈ ہینڈ مشینری استعمال کی جائے گی۔ منصوبہ کی کل پیداواری استعداد جوتوں کے 600 جوڑے روزانہ تیار کرنا ہوگی جبکہ زیادہ سے زیادہ پیداواری استعداد 80 فیصد یعنی کہ جوتوں کے 480 جوڑے روزانہ اور 14,4000 جوڑے سالانہ تیار کرنا فرض کی گئی ہے۔ تجویز کردہ منصوبہ 12 افراد بشمول مالک/ مینیجر کو روزگار فراہم کرے گا۔ ابتدائی خرچ کو کم کرنے کیلئے یہ فرض کیا گیا ہے کہ مجوزہ یونٹ کرائے کی جگہ پر لگایا جائے گا۔

## 5.1۔ پیداواری گردش عمل (PRODUCTION PROCESS FLOW)

جوتے بنانے کا پیداواری عمل جوتے کے ڈیزائن کی تیاری سے شروع ہوتا ہے۔ عام طور پر 10 سے 12 مختلف ڈیزائن (موسم گرما اور موسم سرما کے ڈیزائن شامل ہیں) سارا سال کے پیداواری عمل کیلئے درکار ہیں۔ جوتوں کے ڈیزائن، ڈیزائنر کو مستقل طور پر ملازمت پر رکھ کر بنوائے جا سکتے ہیں یا معاہدے کے تحت باہر سے بنوائے جا سکتے ہیں۔ تاہم یہ تجویز کیا جاتا ہے کہ ڈیزائنر کو مستقل طور پر رکھا جائے تا کہ وہ ڈیزائن کی انفرادیت کو مارکیٹ میں قائم رکھ سکے۔ تجویز کردہ یونٹ کے پاس نئے اور تخلیقی ڈیزائن بنانے کے لئے مستقل طور پر ڈیزائنر کی خدمات موجود ہوں گی۔ ڈیزائن مکمل ہونے کے بعد شو 'لاسٹ' (Last) تیار کیا جاتا ہے، لاسٹ پلاسٹک کی شکل میں ہوتا ہے جو کہ پاؤں کی شکل کو تشکیل دیتا ہے۔ اس کے بعد اسے جوتوں کی تیاری میں استعمال کر کے تیار کردہ جوتے سے الگ کر دیا جاتا ہے۔ مجوزہ یونٹ کیلئے جوتے کی حتمی شکل کی تیاری باہر مارکیٹ سے کروائی جائے گی۔ اگلے مرحلے میں جوتے کی اوپری سطح کی تیاری کیلئے کٹائی کی ڈائیاں تیار کی جاتی ہیں اور مصنوعی مواد کو ان پریس ڈائیوں کی مدد سے کاٹا جائے گا پھر سلائی کرنے والے جوتے کی اوپری سطح کے مختلف اجزاء کو ایک ساتھ سلائی کرنے کیلئے مختلف سلائی کے عمل سرانجام دیں گے۔ سلائی کے بعد حتمی تیار کردہ جوتے کی مدد سے تیار شدہ اوپر والے اجزاء کو جوتے کی شکل میں ڈھالا جاتا ہے اور تلوے کے ساتھ اوپر کے حصے کو جوڑ دیا جائے گا۔ جوتے کی تیاری کے آخری مرحلہ میں اس کی فنشنگ ہے اور ایک دفعہ جب فنشنگ ہو جاتی ہے۔ جوتے کے ہر جوڑے کو پولی تھین کے تھیلوں میں پیک کر کے گتے کے ڈبوں میں ڈال دیا جاتا ہے۔

**فگر نمبر 1: پروڈکشن پراسس فلو**




## 5.2۔ ابتدائی اور عملی استعداد (INSTALLED AND OPERATIONAL CAPACITIES)

خواتین کے جوتے بنانے والے کاروباری منصوبے کی عملی اور پیداواری صلاحیت کا انحصار نصب شدہ مشینری پر ہے۔ اس پری فزیبلٹی تحقیق کی بنیاد جوتوں کے 600 جوڑے روزانہ پیداواری صلاحیت پر ہے اور یہ کارخانہ 80 فیصد پیداواری صلاحیت کے ساتھ جوتوں کے 480 جوڑے روزانہ اور سال میں 144,000 جوڑے تیار کرے گا۔ تاہم یونٹ عمل کے پہلے سال میں 50 فیصد صلاحیت پر کام کرے گا جس کا مطلب ہے کہ 300 جوڑے روزانہ (یعنی کہ 90,000) جوڑے پہلے سال میں تیار کرے گا۔ پیداواری صلاحیت میں اضافے کی شرح اگلے سالوں کیلئے 5 فیصد فرض کی گئی ہے جبکہ زیادہ سے زیادہ پیداواری صلاحیت 80 فیصد عمل کے 7 ویں سال میں حاصل کر لی جائے گی۔ پیداواری صلاحیت کا یہ تخمینہ معاشی طور پر قابل عمل اور مستقل اور روزمرہ کے اخراجات کے تقاضوں کو پورا کرے گا۔

یہاں پر اس چیز کی نشاندہی کی جاتی ہے کہ تمام تیار شدہ جوتے معیار کے تقاضوں کو پورا نہیں کر سکیں گے لہٰذا ان کی (اے گریڈ اور بی گریڈ) جوڑوں میں درجہ بندی کی جائے گی۔ کل پیداوار میں سے 80 فیصد اے گریڈ اور باقی کے 20 فیصد بی گریڈ ہوں گے۔ جوتوں کے جوڑے مارکیٹ میں اے گریڈ جوڑوں کی نسبت آدھی قیمت میں فروخت کئے جائیں گے۔ ابتدائی اور عملی استعداد کی تفصیل مندرجہ ذیل جدول میں فراہم کی گئی ہیں۔

جدول نمبر 1: ابتدائی وعملی استعداد

| مندرجات | کل پیداوار (اوسط) | کل پیداواری صلاحیت (سالانہ) | پیداواری صلاحیت 50 فیصد (پہلے سال) | زیادہ سے زیادہ پیداواری صلاحیت 80 فیصد (7 سال) |
|---|---|---|---|---|
| اے گریڈ جوتے | 80 فیصد | 144,000 | 72,000 | 115,200 |
| بی گریڈ جوتے | 20 فیصد | 36,000 | 18,000 | 28,800 |
| **کل** | **100 فیصد** | **180,000** | **90,000** | **144,000** |

## 6۔ انتہائی قابل توجہ امور (CRITICAL FACTORS)

اس کاروبار کی کامیابی کیلئے اہم امور مندرجہ ذیل ہیں:

☆......پُرکشش ڈیزائن والے عمدہ معیار کے جوتوں کی مسابقتی قیمتوں پر تیاری

☆......مسابقتی قیمتوں پر معیاری مصنوعات حاصل کرنے کیلئے مضبوط روابط

☆......مصنوعات کی فروخت کیلئے جوتوں کے تھوک فروشوں/ ریٹیلرز کے ساتھ روابط قائم کئے جائیں۔

☆......انوینٹری کی لاگت کو کم سے کم رکھنے کیلئے سٹاک کے انتظام سے موثر انداز سے نمٹا جائے۔

☆......مارکیٹ کے تازہ ترین رجحانات کے متعلق علم

☆......تربیت یافتہ عملے کی گاہکوں کو موثر انداز میں سنبھالنے کیلئے تعیناتی

☆......معیار کے تقاضوں پر سختی سے عملدرآمد

☆......مقامی مارکیٹ میں مضبوط موجودگی

☆......چائنہ کی بنی ہوئی مصنوعات سے بڑھتا ہوا مقابلہ اور اسی طرح کی مصنوعات تیار کرنے والوں کے ساتھ مضبوط مقابلہ بازی۔

## 7۔ جغرافیائی لحاظ سے سرمایہ کاری کے مواقع (GEOGRAPHICAL POTENTIAL FOR INVESTMENT)

لاہور ملک میں جوتے کا مرکز ہے اور اس کے بعد کراچی، فیصل آباد، حیدرآباد، ساہیوال، گوجرانوالہ اور راولپنڈی وغیرہ۔ تمام جوتے بنانے والے کارخانے انہی شہروں میں قائم کئے گئے ہیں، لہٰذا ان میں سے کوئی بھی شہر خواتین کے جوتوں کا یونٹ قائم کرنے کیلئے موزوں ہوسکتا ہے۔ خام مال اور مزدوران شہروں میں آسانی سے دستیاب ہیں۔

## 8۔ متوقع منڈیاں اور تجارتی علاقے (POTENTIAL TARGET MARKETS / CITIES)

مجوزہ منصوبہ کے ممکنہ گاہک درمیانے اور نچلے درمیانی آمدنی کے گھرانوں سے تعلق رکھنے والی 14 سال اور اس سے زائد عمر کی خواتین ہوں گی۔ پاکستان میں درمیانے اور کم آمدنی والے گھرانوں کی مجموعی آبادی زیادہ ہے۔ یہ نقطہ نظر اس سیکٹر میں سرمایہ کاری کیلئے ممکنہ مواقع فراہم کرتا ہے۔

## 9۔ منصوبہ کی کل لاگت کا خلاصہ (PROJECT COST SUMMARY)

خواتین کے جوتے بنانیوالے کارخانے کی عمل پذیری کو جانچنے کیلئے تفصیلی مالیاتی ماڈل تیار کیا گیا ہے اور مختلف لاگتوں اور آمدنی سے متعلقہ مفروضہ جات تجزیئے کے نتائج کے ساتھ اس سیکشن میں بیان کئے گئے ہیں۔

اس کاروبار کی متوقع آمدن کا گوشوارہ (انکم سٹیٹمنٹ)، گردش نقد کا گوشوارہ (کیش فلو سٹیٹمنٹ) اور نفع ونقصان کا گوشوارہ (بیلنس شیٹ) ضمیمہ جات کے طور پر لف کی گئی ہیں۔

## 9.1۔ معاشی کیفیت (PROJECT ECONOMICS)

اس مالیاتی ماڈل میں تمام مفروضات کی بنیاد180,000 جوڑے جوتے سالانہ تیار کرنے کی کل عملی استعداد پر ہے جبکہ پہلے سال میں پیداواری صلاحیت کا ہدف50 فیصد یعنی 90,000 جوڑوں کی تیاری جبکہ83,505 جوڑے فروخت کئے جائیں گے۔ بقیہ6,495 جوڑوں کی تعداد اگلے سال کی تیار/فنش مصنوعات کی انوینٹری کیلئے ہوں گے۔

مندرجہ ذیل جدول اندرونی شرح منافع، قرض کی مدت واپسی اور موجودہ قدر حاصل کے بارے میں معلومات مہیا کرتا ہے:

**جدول نمبر2: معاشی کیفیت**

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| اندرونی شرح منافع(IRR) | 55فیصد |
| کل لاگت کی مدت واپسی(Payback Period) | 2.72سال |
| موجودہ قدر حاصل(NPV) | 32,665,861روپے |

منصوبے میں سرمایہ کاری پر واپسی اور منافع کا انحصار کاروباری شخص کی ہنر مند افراد کی تقرری اور اعلیٰ معیار کو ڈیزائن، کوالٹی اور کسٹمر سروسز کی صورت میں برقرار رکھنے پر ہوگا۔

## 9.2۔ درکار سرمایہ (PROJECT FINANCING)

مندرجہ ذیل جدول درکار ذاتی سرمائے اور بینک قرض سے متعلق متغیر کی تفصیلات فراہم کرتا ہے:

**جدول نمبر3: درکار سرمایہ**

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| ذاتی سرمایہ(50فیصد) | 4,965,541روپے |
| بینک کا قرضہ(50فیصد) | 4,965,541روپے |
| بینک کے قرضے پر شرح منافع (سالانہ) (طویل المدتی) | 16فیصد |
| قرضہ کی مدت | 5سال |
| قرض پر سالانہ شرح سود (قلیل المدتی) | 16فیصد |

## 9.3۔ کل لاگت کاروبار (PROJECT COST)

مجوزہ کاروبار کے عمل کے لئے مندرجہ ذیل درکار مستقل اور گردشی سرمائے کی ضروریات کی نشاندہی کی گئی ہے:

جدول نمبر 4: کل لاگت کاروبار

| مندرجات | رقم (روپے) |
|---|---|
| **مستقل لاگت** | |
| مشینری اور آلات | 4,177,500 |
| فرنیچر اور فکسچرز | 413,400 |
| دفتری ساز و سامان | 157,000 |
| قبل از پیداوار لاگت | 693,925 |
| ٹریننگ کی لاگت | 50,000 |
| **کل مستقل لاگت** | **5,491,825** |
| **گردشی سرمایہ** | |
| خام مال کی انوینٹری | 3,014,401 |
| بلڈنگ کا پیشگی کرایہ | 900,000 |
| نقد | 524,857 |
| **کل گردشی سرمایہ** | **4,439,258** |
| **کل لاگت کاروبار** | **9,931,082** |

## 9.4۔ درکار مشینری اور آلات (MACHINERY AND EQUIPMENT REQUIREMENT)

مندرجہ ذیل جدول میں خواتین کے جوتے بنانے والے درمیانے درجے کے یونٹ کیلئے درکار مشینری اور آلات کی تفصیل دی گئی ہے:

جدول نمبر 5: درکار مشینری اور آلات

| مندرجات | تعداد | لاگت فی یونٹ (روپے) | کل رقم (روپے) |
|---|---|---|---|
| کٹنگ کلکنگ پریس اینڈ کٹنگ بورڈ | 1 | 180,000 | 180,000 |
| جی پی 4 مشین | 2 | 60,000 | 60,000 |
| سکیونگ مشین | 2 | 36,000 | 36,000 |
| اپرسٹیچنگ فلیٹ بیڈ مشین | 4 | 70,000 | 70,000 |
| اپرسٹیچنگ پوسٹ بیڈ مشین | 2 | 40,500 | 40,500 |
| سائلینڈر ریکل بیڈ | 1 | 48,000 | 48,000 |
| تلوے کو جوڑنے کیلئے پریس | 1 | 75,000 | 75,000 |
| گرائنڈر/سکورنگ مشین | 3 | 15,000 | 15,000 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 480,000 | 480,000 | 1 | سول ایکٹیویٹر |
| 28,000 | 28,000 | 1 | زگ زیگ مشین |
| 27,000 | 27,000 | 1 | سکورنگ مشین |
| 50,000 | 50,000 | 1 | فنشنگ مشین |
| 600,000 | 600,000 | 1 | لاسٹس |
| 350,000 | 350,000 | 1 | جنریٹر 50 کے وی اے |
| 1,066,500 | 1,066,500 | | دیگر مشینری (ان لینڈ فریٹ، الیکٹرک وائرنگ اور دیگر متفرق اخراجات) |
| **4,177,500** | | | **ٹوٹل** |

## 9.5۔ درکار دفتری آلات (OFFICE EQUIPMENT REQUIRED)

مندرجہ ذیل جدول میں درکار دفتری آلات کی تفصیل دی گئی ہے:

**جدول نمبر 6: درکار دفتری آلات**

| کل لاگت (روپے) | لاگت فی یونٹ (روپے) | تعداد | مندرجات |
|---|---|---|---|
| 75,000 | 25,000 | 3 | کمپیوٹرز |
| 30,000 | 10,000 | 3 | یو پی ایس |
| 20,000 | 20,000 | 1 | پرنٹرز |
| 2,000 | 1,000 | 2 | ٹیلی فون سیٹ |
| 30,000 | 30,000 | 1 | فیکس مشین |
| **157,000** | | | **ٹوٹل** |

## 9.6۔ فرنیچر اور فکسچر ز (FURNITUER AND FIXTURE REQUIREMENT)

مجوزہ یونٹ کیلئے فرنیچر اور فکسچر ز کی تفصیل مندرجہ ذیل جدول میں دی گئی ہے:

**جدول نمبر 7: فرنیچر ز اور فکسچر ز**

| کل لاگت (روپے) | لاگت فی یونٹ (روپے) | تعداد | مندرجات |
|---|---|---|---|
| 25,000 | 25,000 | 1 | ایگزیکٹو ٹیبل |
| 56,000 | 8,000 | 7 | میزیں |
| 25,000 | 25,000 | 1 | صوفہ |
| 60,000 | 12,000 | 5 | سٹور ریکس/شیلف |
| 28,000 | 2,000 | 14 | کرسیاں |
| 3,600 | 1,200 | 3 | سٹول |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ورک ٹیبلز | 2 | 8,000 | 16,000 |
| فائل کیبنٹ (الماری) | 3 | 4,000 | 12,000 |
| پنکھے اور لائٹیں | | 70,000 | 70,000 |
| آگ بجھانے والے آلات | 3 | 2,600 | 7,800 |
| ایئر کنڈیشنر | 2 | 55,000 | 110,000 |
| **کل لاگت** | | | **413,400** |

## 9.7۔ درکار زمین (SPACE REQUIREMENT)

ابتدائی مستقل اخراجات کو کم کرنے کیلئے خواتین کے جوتے بنانے والے مجوزہ یونٹ کو کرائے کی زمین پر قائم کیا جائے گا۔ لہٰذا منصوبے کیلئے زمین، انڈسٹریل اسٹیٹ یا بڑے شہروں کے مضافات میں حاصل کی جائے جہاں پر ہنر مند کاریگر دستیاب ہوں۔ بلڈنگ کے کرائے کا انحصار رقبے اور جغرافیائی لحاظ سے یونٹ کی لوکیشن پر ہوگا تجویز کردہ کاروبار کیلئے تقریباً 1 کنال (4,500) مربع فٹ رقبہ درکار ہوگا۔

درکار رقبے کا حساب پیداوار، انتظامیہ اور ذخیرے کی ضروریات کی بنیاد پر کیا گیا ہے تاہم صنعت میں چلنے والے کارخانے کسی خاص رجحان کی پیروی نہیں کرتے۔

مندرجہ ذیل جدول میں منصوبے کیلئے درکار زمین کی تفصیلات کی نشاندہی کی گئی ہے:

**جدول نمبر 8:** درکار زمین

| مندرجات | رقبہ (مربع فٹ) |
|---|---|
| دفاتر کیلئے | 200 |
| پروڈکشن ایریا | 3,000 |
| خام مال کیلئے سٹور | 500 |
| تیار شدہ مال کیلئے سٹور | 500 |
| واش روم | 50 |
| لوڈنگ ایریا | 250 |
| **کل رقبہ** | **4,500** |

## 9.8۔ درکار خام مال (RAW MATERIAL REQUIREMENT)

خواتین کے جوتے بنانے کے کارخانے میں درج ذیل خام کی ضرورت ہوگی:

| جوتے کے حصے | خام مال |
|---|---|
| اپر میٹریل | نیچرل لیدر، پیرامیڈ یکس، لیدر فیبر یکس، ٹیکسٹائل میٹریل، پلاسٹک اور ربڑ وغیرہ |
| ان سول میٹریل | لیدر بورڈ، ٹیکسون، بونٹیکسنڈ ادر سیلولوز بورڈ اینڈ سم سپیشل ٹائپس آف شوز کنسٹرکشن ٹیکسٹائل |

| | |
|---|---|
| آؤٹ سول میٹریل | ایتھلن وینائل ایسیٹیٹ(EVA)، پولی وینائل کلورائیڈ(PVC)، پولی یورتھینائن(PU)اینڈ تھرموپلاسٹک ربڑ(TPR) |
| گرائنڈریز | شولیسز،تھریڈز،ٹیپس،میٹل فٹنگز،آئی لیٹس،بکلز،ڈیفرنٹ ٹائپس آف نیلز،ٹنگلز،شینکس،راؤٹس،ہوکس زپ،فاسنٹر |

## 9.9۔ درکارافرادی قوت (HUMAN RESOURCE REQUIREMENT)

مجوزہ کارخانے کو باآسانی چلانے کیلئے تجویز کردہ درکار افرادی قوت ان کی مجوزہ ماہانہ تنخواہ کے ساتھ ان کی تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں:

**جدول نمبر 9: درکار افرادی قوت**

| مندرجات | ملازمین کی تعداد | تنخواہ(ماہانہ) |
|---|---|---|
| مالک/ منیجر | 1 | 60,000 |
| پروڈکشن سپروائزر | 1 | 25,000 |
| ڈیزائنر | 1 | 40,000 |
| فورمین | 1 | 25,000 |
| مکینک | 1 | 15,000 |
| ہیلپر | 3 | 12,000 |
| مارکیٹنگ ایگزیکٹو | 1 | 30,000 |
| پرچیزر | 1 | 25,000 |
| اکاؤنٹنٹ | 1 | 18,000 |
| سٹورکیپر | 1 | 12,000 |
| آفس بوائے | 1 | 12,000 |
| واچ مین | 2 | 12,000 |
| **ٹوٹل** | **15** | |

یہ فرض کیا گیا ہے کہ مالک کے پاس مجوزہ کاروبار کے متعلق پہلے سے تجربہ یا علم موجود ہوگا۔ملازمین کی تنخواہوں میں 10 فیصد سالانہ اضافے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔

## 9.10۔ متفرق لاگتیں ( OTHER COSTS)

اس کاروبار میں اہم ترین لاگت بجلی کی قیمت ہے اوراس کے لئے تھری فیز بجلی کا کنکشن درکار ہے۔بجلی کے سالانہ اخراجات کا تخمینہ 644,144 روپے ہے۔اس کاروبار کیلئے بھرپور مارکیٹنگ اور تشہیری سرگرمیاں درکار ہیں جس کے لئے کل آمدنی کا 2.5 فیصد پہلے تین سال میں مارکیٹنگ اور تشہیری اخراجات پر خرچ کیا جائے گا اوراسی طرح عمل کے پہلے سال کے دوران مواصلاتی اور دفتری اخراجات کا اندازہ بالترتیب 217,200 اور 108,600 روپے ہے۔

## 9.11۔ آمدن۔ متوقع آمدن اور پیداوار (REVENUE GENERATION)

مندرجہ ذیل جدول خواتین کے جوتے بنانے والے کارخانے کے لئے عمل کے پہلے سال میں آمدن کے مفروضات مہیا کرتا ہے:

جدول نمبر 10: آمدن۔ متوقع آمدن اور پیداوار (پہلے سال)

| مندرجات | کل پیداوار (اوسط) | جوتوں کے جوڑوں کی قیمت فروخت (فی جوڑا) | پیداواری صلاحیت (پہلے سال) اوسط | فروخت سے آمدنی (روپے) |
|---|---|---|---|---|
| اے پیئر شوز | 80فیصد | 650 | 66,804 | 43,422,600 |
| بی پیئر شوز | 20فیصد | 325 | 16,701 | 5,427,825 |
| **ٹوٹل** | **100فیصد** | | **83,505** | **48,850,425** |

## 10۔ ماہرین ومشیران (CONTACT DETAILS)

مجوزہ منصوبہ کے متعلق پرائیویٹ سیکٹر میں خدمات فراہم کرنے والوں سے روابط کیلئے تفصیلات ذیل میں فراہم کی گئی ہیں:

### 10.1۔ مشینری کے سپلائرز

| سپلائر کا نام | پتہ | فون/فیکس | ای میل/ویب سائٹ |
|---|---|---|---|
| نیوٹیک آٹومشن | 809راوی بلاک، نزد کھاڑ اسٹاپ ملتان روڈ لاہور | 042-37490497<br>36106946 | |
| ریکس مشینری (پرائیویٹ لمیٹڈ) | ریکس مارکیٹ، 6علامہ اقبال روڈ، لاہور | Ph: +92-42-36375525<br>Fax: +92-42-36305130 | rexmachinery@hotmail.com |
| آرسنز مشینری | 24علامہ اقبال روڈ، شاپ نمبر 5،6 نزد ریلوے ہسپتال، لاہور | 042-36370818<br>36364965 | |
| یونائیٹڈ اپیریل مشینری | 25یونائیٹڈ آرکیڈ، ریکس مارکیٹ، نکلسن روڈ لاہور | Ph: +92-42-36291680 | lhr@unitedmachinery.com.pk |

### 10.2۔ خام مال کے سپلائرز

| نام | پتہ | فون نمبر/فیکس | ای میل/ویب سائٹ |
|---|---|---|---|
| آئیڈیل ربڑ اینڈ انجینئرنگ انڈسٹری | 17اے، ایس آئی ای نمبر 1 گوجرانوالہ | 055-3259034<br>0300-8465454 | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| گلوبل انٹرپرائزز | 40ایس ٹی،80 بالمقابل لوکل گورنمنٹ کمپلیکس، سانده روڈ لاہور | 042- 37148734 | gle@brain.net.pk |
| کریسنٹ آرٹ فیبرکس | 10، ایبٹ روڈ لاہور | 042- 36364208 | |

## 10.3۔ ٹیکنیکل ایکسپرٹس/کنسلٹنٹس

| نام | پتہ | فون نمبر/فیکس نمبر | ای میل/ ویب سائٹ |
|---|---|---|---|
| گورنمنٹ انسٹیٹیوٹ آف لیدر ٹیکنالوجی | پی او انور انڈسٹری، جی ٹی روڈ گوجرانوالہ | Ph: +92-055-92300562 | |
| فٹ ویئر ٹریننگ انسٹیٹیوٹ | پلاٹ نمبر 24، فیز 5، حیات آباد، پشاور | Ph: +92-91-9217244 | |
| محمد اشرف | | +92-300-4575118 | www.kamhank.com |

## 11۔ کارآمد روابط (USEFUL LINKS)

| | |
|---|---|
| سمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سمیڈا) | www.smeda.org.pk |
| گورنمنٹ آف پاکستان | www.pakistan.gov.pk |
| منسٹری آف انڈسٹریز اینڈ پروڈکشن | www.moip.com.pk |
| منسٹری آف ایجوکیشن، ٹریننگ اینڈ سٹینڈرڈز ان ہائر ایجوکیشن | http://moptt.gov.pk |
| گورنمنٹ آف پنجاب | www.punjab.gov.pk |
| گورنمنٹ آف سندھ | www.sindh.gov.pk |
| گورنمنٹ آف خیبر پختونخوا | www.khyberpakhtunkhwa.gov.pk |
| گورنمنٹ آف بلوچستان | www.balochistan.gov.pk |
| گورنمنٹ آف گلگت بلتستان | www.gilgitbaltistan.gov.pk |
| گورنمنٹ آف آزاد جموں اینڈ کشمیر | wwwlajk.gov.pk |
| ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (ٹی ڈی اے پی) | www.tdap.gov.pk |
| سیکیورٹی کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) | www.secp.gov.pk |
| فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اور انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) | www.fpcci.com.pk |
| سٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) | www.sbp.org.pk |
| پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن | www.psic.gop.pk |
| سندھ سمال انڈسٹریز کارپوریشن | www.ssic.gos.pk |
| پنجاب ووکیشنل ٹریننگ کونسل (پی وی ٹی سی) | www.pvtc.gop.pk |
| ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (ٹی ای وی ای ٹی اے) | www.tevta.org |
| پنجاب انڈسٹریل اسٹیٹ (پی آئی ای) | www.pie.com.pk |
| فیصل آباد انڈسٹریل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی (ایف آئی ای ڈی ایم سی) | www.fiedmc.com.pk |

## 12۔ ضمیمہ جات (ANNEXURES)

### 12.1۔آمدن کا گوشوارہ (INCOME STATEMENT)

**Income Statement**

| | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Revenue | 48,850,425 | 63,049,615 | 75,947,859 | 90,563,346 | 107,328,900 | 126,541,166 | 148,522,554 | 164,115,239 | 180,573,324 | 198,633,367 |
| *Cost of sales* | | | | | | | | | | |
| Cost of goods sold | 31,220,849 | 39,961,390 | 48,188,967 | 57,357,760 | 67,855,417 | 79,878,584 | 93,627,806 | 103,406,229 | 113,773,558 | 125,152,469 |
| Transportation cost | 300,000 | 330,000 | 363,000 | 399,300 | 439,230 | 483,153 | 531,468 | 584,615 | 643,077 | 707,384 |
| Operation costs 1 (direct labor) | 1,569,894 | 1,842,009 | 2,033,931 | 2,238,778 | 2,463,716 | 2,711,081 | 2,983,145 | 3,296,332 | 3,626,900 | 3,989,645 |
| Operating costs 3 (direct electricity) | 476,044 | 523,648 | 576,013 | 633,614 | 696,976 | 766,673 | 843,341 | 927,675 | 1,020,442 | 1,122,486 |
| Packing Material | 2,087,625 | 2,694,428 | 3,245,635 | 3,870,228 | 4,586,705 | 5,407,742 | 6,347,118 | 7,013,472 | 7,716,809 | 8,488,605 |
| Operating costs 5 (generator diesel) | 518,400 | 570,240 | 627,264 | 689,990 | 758,989 | 834,888 | 918,377 | 1,010,215 | 1,111,236 | 1,222,360 |
| Total cost of sales | 36,172,812 | 45,921,715 | 55,034,811 | 65,189,671 | 76,801,033 | 90,082,122 | 105,251,255 | 116,238,537 | 127,892,022 | 140,682,950 |
| Gross Profit | 12,677,613 | 17,127,900 | 20,913,048 | 25,373,675 | 30,527,867 | 36,459,044 | 43,271,299 | 47,876,702 | 52,681,302 | 57,950,417 |
| | | | | | | | | | | |
| *General administration & selling expenses* | | | | | | | | | | |
| Administration expense | 2,172,000 | 2,389,200 | 2,628,120 | 2,890,932 | 3,180,025 | 3,498,028 | 3,847,830 | 4,232,614 | 4,655,875 | 5,121,462 |
| Administration benefits expense | 108,600 | 119,460 | 131,406 | 144,547 | 159,001 | 174,901 | 192,392 | 211,631 | 232,794 | 256,073 |
| Building rental expense | 1,800,000 | 1,980,000 | 2,178,000 | 2,395,800 | 2,635,380 | 2,898,918 | 3,188,810 | 3,507,691 | 3,858,460 | 4,244,306 |
| Electricity expense | 168,100 | 184,910 | 203,401 | 223,741 | 246,115 | 270,726 | 297,799 | 327,579 | 360,337 | 396,370 |
| Water expense | 30,000 | 33,000 | 36,300 | 39,930 | 43,923 | 48,315 | 53,147 | 58,462 | 64,308 | 70,738 |
| Gas expense | 10,000 | 11,000 | 12,100 | 13,310 | 14,641 | 16,105 | 17,716 | 19,487 | 21,436 | 23,579 |
| Travelling expense | 108,600 | 119,460 | 131,406 | 144,547 | 159,001 | 174,901 | 192,392 | 211,631 | 232,794 | 256,073 |
| Communications expense (phone, fax, mail, internet, etc.) | 217,200 | 238,920 | 262,812 | 289,093 | 318,003 | 349,803 | 384,783 | 423,261 | 465,587 | 512,146 |
| Office expenses (stationary, entertainment, janitorial services, etc | 108,600 | 119,460 | 131,406 | 144,547 | 159,001 | 174,901 | 192,392 | 211,631 | 232,794 | 256,073 |
| Promotional expense | 1,221,261 | 1,576,240 | 1,898,696 | 1,358,450 | 1,609,934 | 1,898,117 | 1,485,226 | 1,641,152 | 1,805,733 | 1,986,334 |
| Professional fees (legal, audit, consultants, etc.) | 244,252 | 315,248 | 379,739 | 452,817 | 536,645 | 632,706 | 742,613 | 820,576 | 902,867 | 993,167 |
| Depreciation expense | 474,790 | 474,790 | 474,790 | 474,790 | 474,790 | 474,790 | 474,790 | 474,790 | 474,790 | 474,790 |
| Amortization of pre-operating costs | 138,785 | 138,785 | 138,785 | 138,785 | 138,785 | - | - | - | - | - |
| Amortization of legal, licensing, and training costs | 5,000 | 5,000 | 5,000 | 5,000 | 5,000 | 5,000 | 5,000 | 5,000 | 5,000 | 5,000 |
| Bad debt expense | 488,504 | 630,496 | 759,479 | 905,633 | 1,073,289 | 1,265,412 | 1,485,226 | 1,641,152 | 1,805,733 | 1,986,334 |
| Subtotal | 7,295,692 | 8,335,969 | 9,371,440 | 9,621,921 | 10,753,532 | 11,882,624 | 12,560,113 | 13,786,656 | 15,118,507 | 16,582,446 |
| Operating Income | 5,381,921 | 8,791,930 | 11,541,608 | 15,751,753 | 19,774,335 | 24,576,420 | 30,711,186 | 34,090,046 | 37,562,795 | 41,367,971 |
| | | | | | | | | | | |
| Other income (interest on cash) | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Earnings Before Interest & Taxes | 5,381,921 | 8,791,930 | 11,541,608 | 15,751,753 | 19,774,335 | 24,576,420 | 30,711,186 | 34,090,046 | 37,562,795 | 41,367,971 |
| | | | | | | | | | | |
| Interest on short term debt | 46,220 | 46,220 | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Interest expense on long term debt (Project Loan) | 439,346 | 375,461 | 301,354 | 215,391 | 115,673 | - | - | - | - | - |
| Interest expense on long term debt (Working Capital Loan) | 332,702 | 278,432 | 214,814 | 140,236 | 52,811 | - | - | - | - | - |
| Subtotal | 818,268 | 700,113 | 516,168 | 355,627 | 168,483 | - | - | - | - | - |
| Earnings Before Tax | 4,563,653 | 8,091,817 | 11,025,440 | 15,396,127 | 19,605,852 | 24,576,420 | 30,711,186 | 34,090,046 | 37,562,795 | 41,367,971 |
| | | | | | | | | | | |
| Tax | 891,596 | 2,054,635 | 3,081,403 | 4,611,144 | 6,084,547 | 7,824,246 | 9,971,414 | 11,154,015 | 12,369,477 | 13,701,289 |
| **NET PROFIT/(LOSS) AFTER TAX** | **3,672,058** | **6,037,182** | **7,944,037** | **10,784,983** | **13,521,304** | **16,752,173** | **20,739,772** | **22,936,031** | **25,193,317** | **27,666,682** |

## 12.2 ۔اثاثوں اور واجبات کا گوشوارہ (BALANCE SHEET)

**Calculations** — **SMEDA**

**Balance Sheet**

| | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Assets** | | | | | | | | | | | |
| *Current assets* | | | | | | | | | | | |
| Cash & Bank | 524,857 | - | 3,262,522 | 8,221,712 | 15,358,464 | 24,340,109 | 36,860,121 | 53,278,417 | 71,511,499 | 91,269,676 | 146,828,089 |
| Accounts receivable | | 2,007,552 | 2,299,316 | 2,856,112 | 3,421,463 | 4,066,279 | 4,805,549 | 5,651,994 | 6,424,064 | 7,082,642 | 7,791,918 |
| Work in Process & Finished goods inventory | | 2,813,513 | 3,522,568 | 4,217,401 | 4,994,822 | 5,883,933 | 6,900,887 | 8,062,386 | 8,895,507 | 9,786,641 | 10,765,394 |
| Raw material inventory | 3,014,401 | 4,209,491 | 5,549,343 | 7,230,621 | 9,370,366 | 12,089,847 | 15,538,252 | 18,876,335 | 22,845,659 | 27,643,586 | - |
| Pre-paid building rent | 900,000 | 990,000 | 1,089,000 | 1,197,900 | 1,317,690 | 1,449,459 | 1,594,405 | 1,753,845 | 1,929,230 | 2,122,153 | - |
| Total Current Assets | 4,439,258 | 10,020,555 | 15,722,749 | 23,723,747 | 34,462,805 | 47,829,627 | 65,699,213 | 87,622,978 | 111,605,959 | 137,904,698 | 165,385,402 |
| *Fixed assets* | | | | | | | | | | | |
| Machinery & equipment | 4,177,500 | 3,759,750 | 3,342,000 | 2,924,250 | 2,506,500 | 2,088,750 | 1,671,000 | 1,253,250 | 835,500 | 417,750 | - |
| Furniture & fixtures | 413,400 | 372,060 | 330,720 | 289,380 | 248,040 | 206,700 | 165,360 | 124,020 | 82,680 | 41,340 | - |
| Office equipment | 157,000 | 141,300 | 125,600 | 109,900 | 94,200 | 78,500 | 62,800 | 47,100 | 31,400 | 15,700 | - |
| Total Fixed Assets | 4,747,900 | 4,273,110 | 3,798,320 | 3,323,530 | 2,848,740 | 2,373,950 | 1,899,160 | 1,424,370 | 949,580 | 474,790 | - |
| *Intangible assets* | | | | | | | | | | | |
| Pre-operation costs | 693,925 | 555,140 | 416,355 | 277,570 | 138,785 | - | - | - | - | - | - |
| Legal, licensing, & training costs | 50,000 | 45,000 | 40,000 | 35,000 | 30,000 | 25,000 | 20,000 | 15,000 | 10,000 | 5,000 | - |
| Total Intangible Assets | 743,925 | 600,140 | 456,355 | 312,570 | 168,785 | 25,000 | 20,000 | 15,000 | 10,000 | 5,000 | - |
| **TOTAL ASSETS** | **9,931,082** | **14,893,805** | **19,977,424** | **27,359,846** | **37,480,330** | **50,228,577** | **67,618,373** | **89,062,348** | **112,565,539** | **138,384,488** | **165,385,402** |
| **Liabilities & Shareholders' Equity** | | | | | | | | | | | |
| *Current liabilities* | | | | | | | | | | | |
| Accounts payable | | 1,468,370 | 1,883,866 | 2,292,435 | 2,758,661 | 3,303,472 | 3,941,095 | 4,645,299 | 5,212,459 | 5,838,091 | 5,172,323 |
| Short term debt | - | 536,600 | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Total Current Liabilities | - | 2,004,970 | 1,883,866 | 2,292,435 | 2,758,661 | 3,303,472 | 3,941,095 | 4,645,299 | 5,212,459 | 5,838,091 | 5,172,323 |
| *Other liabilities* | | | | | | | | | | | |
| Long term debt (Project Loan) | 2,745,912 | 2,346,631 | 1,883,465 | 1,346,191 | 722,955 | - | - | - | - | - | - |
| Long term debt (Working Capital Loan) | 2,219,629 | 1,904,606 | 1,535,313 | 1,102,403 | 594,914 | - | - | - | - | - | - |
| Total Long Term Liabilities | 4,965,541 | 4,251,237 | 3,418,778 | 2,448,594 | 1,317,869 | - | - | - | - | - | - |
| *Shareholders' equity* | | | | | | | | | | | |
| Paid-up capital | 4,965,541 | 4,965,541 | 4,965,541 | 4,965,541 | 4,965,541 | 4,965,541 | 4,965,541 | 4,965,541 | 4,965,541 | 4,965,541 | 4,965,541 |
| Retained earnings | | 3,672,058 | 9,709,239 | 17,653,276 | 28,438,259 | 41,959,563 | 58,711,737 | 79,451,508 | 102,387,539 | 127,580,856 | 155,247,538 |
| Total Equity | 4,965,541 | 8,637,599 | 14,674,781 | 22,618,817 | 33,403,800 | 46,925,104 | 63,677,278 | 84,417,049 | 107,353,080 | 132,546,397 | 160,213,079 |
| **TOTAL CAPITAL AND LIABILITIES** | **9,931,082** | **14,893,805** | **19,977,424** | **27,359,846** | **37,480,330** | **50,228,577** | **67,618,373** | **89,062,348** | **112,565,539** | **138,384,488** | **165,385,402** |

## 12.3۔گردش نقد کا گوشوارہ (CASH FLOW STATEMENT)

**Cash Flow Statement**

| | Year 0 | Year 1 | Year 2 | Year 3 | Year 4 | Year 5 | Year 6 | Year 7 | Year 8 | Year 9 | Year 10 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| *Operating activities* | | | | | | | | | | | |
| Net profit | | 3,672,058 | 6,037,182 | 7,944,037 | 10,784,983 | 13,521,304 | 16,752,173 | 20,739,772 | 22,936,031 | 25,193,317 | 27,666,682 |
| Add: depreciation expense | | 474,790 | 474,790 | 474,790 | 474,790 | 474,790 | 474,790 | 474,790 | 474,790 | 474,790 | 474,790 |
| amortization of pre-operating costs | | 138,785 | 138,785 | 138,785 | 138,785 | 138,785 | - | - | - | - | - |
| amortization of training costs | | 5,000 | 5,000 | 5,000 | 5,000 | 5,000 | 5,000 | 5,000 | 5,000 | 5,000 | 5,000 |
| Deferred income tax | | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Accounts receivable | | (2,007,552) | (291,764) | (556,797) | (565,351) | (644,816) | (739,270) | (846,445) | (772,070) | (658,577) | (709,277) |
| Finished goods inventory | | (2,813,513) | (709,055) | (694,833) | (777,421) | (889,111) | (1,016,954) | (1,161,499) | (833,121) | (891,134) | (978,753) |
| Equipment inventory | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Raw material inventory | (3,014,401) | (1,195,090) | (1,339,853) | (1,681,278) | (2,139,745) | (2,719,481) | (3,448,405) | (3,338,084) | (3,969,324) | (4,797,927) | 27,643,586 |
| Pre-paid building rent | (900,000) | (90,000) | (99,000) | (108,900) | (119,790) | (131,769) | (144,946) | (159,440) | (175,385) | (192,923) | 2,122,153 |
| Advance insurance premium | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Accounts payable | | 1,468,370 | 415,496 | 408,569 | 466,226 | 544,811 | 637,623 | 704,204 | 567,160 | 625,632 | (665,769) |
| Other liabilities | | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Cash provided by operations | (3,914,401) | (347,152) | 4,631,580 | 5,929,374 | 8,267,478 | 10,299,514 | 12,520,011 | 16,418,297 | 18,233,081 | 19,758,177 | 55,558,413 |
| *Financing activities* | | | | | | | | | | | |
| Project Loan - principal repayment | | (399,281) | (463,166) | (537,273) | (623,237) | (722,955) | - | - | - | - | - |
| Working Capital Loan - principal repayment | | (315,023) | (369,292) | (432,911) | (507,489) | (594,914) | - | - | - | - | - |
| Short term debt principal repayment | | - | (536,600) | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Additions to Project Loan | 2,745,912 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Additions to Working Capital Loan | 2,219,629 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Issuance of shares | 4,965,541 | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Cash provided by / (used for) financing activities | 9,931,082 | (714,305) | (1,369,058) | (970,184) | (1,130,725) | (1,317,869) | - | - | - | - | - |
| *Investing activities* | | | | | | | | | | | |
| Capital expenditure | (5,491,825) | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| Cash (used for) / provided by investing activities | (5,491,825) | - | - | - | - | - | - | - | - | - | - |
| **NET CASH** | **524,857** | **(1,061,456)** | **3,262,522** | **4,959,190** | **7,136,752** | **8,981,645** | **12,520,011** | **16,418,297** | **18,233,081** | **19,758,177** | **55,558,413** |

## 13۔ کلیدی مفروضے (Key Assumptions)

### 13.1۔ روزمرہ کے اخراجات کا مفروضہ

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| انتظامی بہبود کے اخراجات | انتظامی اخراجات کا 5 فیصد |
| سفری اخراجات | انتظامی اخراجات کا 5 فیصد |
| نقل وحمل کے اخراجات | انتظامی اخراجات کا 10 فیصد |
| دفتری اخراجات | انتظامی اخراجات کا 5 فیصد |
| تشہیری اخراجات (1 سے 3 سال تک کیلئے) | آمدنی کا 2.5 فیصد |
| پروفیشنل فیس | آمدنی کا 5 فیصد |
| فرسودگی کا طریقہ کار | سٹریٹ لائن |
| شرح فرسودگی | 10 فیصد فرنیچر اور فکسچر ز پر<br>20 فیصد آفس ایکویپمنٹ پر |
| روزمرہ اخراجات میں شرح اضافہ | 10 فیصد |

### 13.2۔ پیداواری مفروضات

| مندرجات | رقم (روپے) |
|---|---|
| اپر میٹریل (اوسط) | 151.88 |
| سول | 130.00 |
| ربڑ سلوشن | 3.00 |
| سیمنٹ سلوشن | 3.00 |
| ڈیسموکول تلوے کیلئے | 7.00 |
| ڈیسمو دور | 2.00 |
| ایم ای کے (صفائی کیلئے) | 2.00 |
| ای وی اے شیٹ | 8.00 |
| پیکنگ | 18.00 |
| فوم لائننگ | 1.00 |
| خام مال کی لاگت (فی جوڑا) | 325.88 |
| کٹنگ مین | 2.50 |
| اپر مین | 12.00 |

| | |
|---|---|
| بوٹم مین | 8.00 |
| فنشنگ مین | 2.50 |
| اجرت فی جوڑا | 25.00روپے |

## 13.3 ۔ آمدنی کے مفروضات

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| قیمت فروخت میں اضافہ | 10 فیصد |
| ورکنگ ڈے (سالانہ) | 300 |
| پیداواری صلاحیت (فی دن) | 600 جوڑے |
| پیداواری صلاحیت (پہلے سال) | 50 فیصد |
| پیداواری صلاحیت میں اضافہ کی شرح (فی سال) | 5 فیصد |
| زیادہ سے زیادہ پیداواری صلاحیت | 80 فیصد |

## 13.4۔ مالیاتی مفروضات

| مندرجات | تفصیلات |
|---|---|
| قرضہ | 50 فیصد |
| ذاتی سرمایہ | 50 فیصد |
| قرضہ پر شرح سود | 16 فیصد |
| قرضہ کی مدت واپسی | 5 سال |
| قرضہ کی ادائیگی کی اقساط | 4 اقساط سالانہ |